© rasailojaraid.com



# تبصرے

**تصدیق السُّنَّۃ** | از جناب مولانا محمود حسن خاں صاحب ٹونکی تقطیع کلاں ضخامت ۴۲ صفحات کتابت و طباعت متوسط کاغذ بہتر قیمت ۶ ر پتہ :- کتاب خانہ عابد روڈ حیدر آباد دکن۔

اس رسالہ میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ جن لوگوں نے مسیح موعود ہونے کا دعوٰی کیا ہے ان کا یہ دعوٰی قرآن وحدیث اور انجیل کی تصریحات۔ اور خود ان مدعیوں کے اعتراف کے مطابق قبل از وقت ہے، اسی سلسلہ میں فاضل مصنف نے ایک نہایت عمدہ بحث اس بات پر کی ہے کہ کشف والہام کا تعلق عالم مثال سے ہے جو ایک سفلی عالم ہے اس بنا پر اس ذریعہ سے جو باتیں منکشف ہوتی ہیں وہ لائق اعتبار واعتماد نہیں ہوتیں اور اگر ہوں بھی تو بہر حال ان کا مفہوم وہ نہیں ہوتا جو ظاہر الفاظ سے متبادر ہوتا ہے۔ مولانا نے اس حقیقت کو شیخ محی الدین بن عربی کے اور دوسرے بزرگوں کے اقوال سے۔ اور پھر خود مدعیانِ کاذب کی بعض تحریروں سے ثابت کرکے بعض احادیث سے اس کی نظائر پیش کی ہیں۔ رسالہ علمی طریقِ بحث اور فلسفیانہ طرز استدلال کے لحاظ سے ہر صاحب علم کے لئے مطالعہ کے لائق ہے۔

**بقول زردشت** | ترجمہ ڈاکٹر ابوالحسن منصور احمد صاحب علیگڈھ یونیورسٹی۔ تقطیع $\frac{22\times18}{8}$ ضخامت ۴۶۳ صفحات کتابت وطباعت بہتر مجلد جلد عمدہ اور مضبوط قیمت درج نہیں پتہ :۔ انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی۔

نیٹشے انیسویں صدی عیسوی کا مشہور جرمن فلاسفر ہے جس کو ایک خاص طرز فکر کے باعث اپنے ہم عصروں میں امتیاز حاصل تھا۔ وہ طبعاً تلون پسند تھا اور اس کی فطرت میں تغیر پذیری کا مادہ زیادہ تھا چنانچہ شروع شروع میں وہ کٹر مذہبی انسان تھا۔ مگر بعد میں وہ مذہب روحانیت اور اخلاق وغیرہ ان سب کا نہ صرف منکر بلکہ نہایت سخت نقاد ہوگیا" بقول زردشت" اس کی ایک اہم تصنیف ہے جو اس نے اپنی



© rasailojaraid.com